**Adeel / Altamash**

**27-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ ماجد علی

**Music**

------------------------------

1- بھارت نے مقررہ نظام کو دوبارہ شروع کرکے چین سے متصل سرحد کی نشاندہی کے ایک مستقل حل کیلئے کہا ہے۔ اُس نے اعتماد بحال کرنے پر زور دیا ہے۔

2- بھگوان جگن ناتھ اور اُن کے دو بھائی بہن کی عالمی شہرت یافتہ رتھ یاترا اوڈیشہ کے پوری میں شروع ہوگئی ہے۔

3- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھارت کے ساتھ جلد ہی ایک بہت بڑے تجارتی سمجھوتے پر دستخط کئے جانے کا اشارہ دیا ہے۔

4- بھارت نے محکمہ موسمیات نے آج ملک کے مغربی علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

5- اور ہاکی انڈیا ماسٹرس کپ میں آج چنئی میں مردوں اور خواتین کے فائنل کھیلے جائیں گے۔مردوں کا فائنل تمل ناڈو اور مہاراشٹر میں آج دیر گئے کھیلا جائے گا۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Rev -Rajnath china**

بھارت نے مقررہ نظام کو دوبارہ شروع کرکے چین سے متصل سرحد کی نشاندہی کے ایک مستقل حل پر زور دیا ہے اور 2020 کے سرحدی تعطل کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد کی کمی کو دور کرنے کیلئے کہا ہے۔ بھارت نے بھارت-چین سرحد پر امن وسکون برقرار رکھنے اور مستقل سرگرمی نیز کشیدگی کو کم کرنے کے ایک منظّم خاکے کے ذریعے معاملات کو حل کرنے پر زور دیا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے چین کے اپنے ہم منصب ایڈمرل Dong Jun کے ساتھ ایک دوطرفہ میٹنگ کی۔

**Rajnath Russia**

بھارت نے روس کے ساتھ کم سے کم وقت میں S-400 نظام کی سپلائی، Su-30 MKI اَپ گریڈ اور اہم فوجی سامان کی خریداری کے بارے میں بات چیت کی ہے۔

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے شنگھائی تعاون تنظیم SCO سے الگ روس کے اپنے ہم منصب Andrey Belousov کے ساتھ ایک دوطرفہ میٹنگ کی۔ SCO کی یہ میٹنگ چین کے شہر Qingdao میں وزرائے دفاع کی میٹنگ تھی۔

دونوں ملکوں کے وزیروں نے بہت سے معاملات پر گہرائی سے بات چیت کی، جن میں موجودہ جغرافیائی اور سیاسی صورتحال ، سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی اور بھارت- روس دفاعی تعاون بھی شامل ہے۔

**Prez MSME**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بہت چھوٹے، چھوٹے اور اوسط درجے کے کاروبار MSME کا ایکو نظام، ملک کی لگاتار

اقتصادی ترقی کیلئے لازمی ہے، کیونکہ یہ ملک کی معیشت کا ایک مضبوط ستون ہے۔

نئی دلی میں آج MSME کے بین الاقوامی دن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، صدر جمہوریہ نے کہا کہ MSME کا شعبہ، ملک کی ترقی میں اہم رول ادا کررہا ہے۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک کی GDP میں اِس شعبے کا تقریباً 30 فیصد ہے۔ 36فیصد حصہ مینوفیکچرنگ شعبے کا اور 45 فیصد حصہ برآمدات کا ہے۔

صدر مرمو نے کہا کہ MSME کا شعبہ نہ صرف ملک کی GDP میں خاطرخواہ تعاون دیتاہے بلکہ یہ سماج کی نچلی سطح پر اختراع کو بھی فروغ دیتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ MSME کے شعبے سے، دیہی اور پسماندہ علاقوں میں روزگار کے موقعے پیدا ہوتے ہیں اور اِس سے سماج کے کمزور طبقوں کو بااختیار بنانے اور سب کی شمولیت والی ترقی میں بھی مدد ملتی ہے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ MSME کا شعبہ، زراعت کے بعد ملک کا دوسرا سب سے بڑا روزگار دینے والا شعبہ ہے۔

**S/B- Draupadi Murmu**

بھارتی اور عالمی معیشت دونوں میں ہی بہت چھوٹے، چھوٹے اور اوسط درجے کا کاروبار اہم ترین حیثیت رکھتا ہے۔ کاروبار کے جذبے کو فروغ دے کر، روزگار کے موقعے پیدا کرکے اور سب کی شمولیت والی ترقی کو فروغ دے کر MSMEs سے، سماج کی نچلی سطح پر اقتصادی یکسر تبدیلی کا سلسلہ جاری ہے۔

اقوام متحدہ نے، عالمی سطح پر MSMEs کے رول کا اعتراف کرتے ہوئے 2017 میں، 27 جون کو MSMEs کا بین الاقوامی دن قرار دیا تھا۔ 2025 کے موضوع میں MSMEs کے رول کو فروغ دینے پر توجہ دی گئی ہے اور MSMEs کو دیرپا ترقی اور اختراع کا محرک قرار دیا گیا ہے۔

**Puri Rath Yatra**

عالمی شہرت یافتہ بھگوان جگن ناتھ اور اُن کے بڑے بھائی بھگوان بَل بھدر اور چھوٹی بہن دیوی سبھدرا کی رَتھ یاترا اوڈیشہ کے پوتر شہر پوری میں ہورہی ہے جس میں پورے ملک اور غیر ملک سے لاکھوں عقیدتمند شرکت کررہے ہیں۔رسومات کے نظام الاوقات کے مطابق عقیدتمند سہ پہر 4 بجے کے آس پاس رَتھوں کو کھینچنا شروع کریں گے۔ یاترا پوری کے مندر سے شروع ہوکر شری Gundicha مندر پر جاکر ختم ہوگی اور اس طرح یہ تقریباً 3 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرے گی۔

امید ہے کہ یہ رَتھ سورج غروب ہونے سے قبل Gundicha مندر پہنچ جائیں گے۔ بھگوان وہاں 9 دن قیام کریں گے اور اِنہیں رَتھوں پر سوار ہوکر یاترا مکمل ہونے کے بعد 5 جولائی کو شری مندر واپس آجائیں گے۔

**PM Ashadhi Bij**

وزیراعظم نریندر مودی نے Kutchi نئے سال Ashadhi Bij کے موقعے پر دنیا بھر میں رہنے والی Kutchi برادری کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے Kutch بھائیوں اور بہنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے سبھی کیلئے دیرپا مسرت، امن، خوشحالی اور تندرستی کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

**Jaishankar Emergency**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ 1975 میں نافذ کی گئی ایمرجنسی کا مقصد سماج اور ملک کے اقدار کو ختم کرنا تھا۔ ایمرجنسی کے 50 سال مکمل ہونے پر نئی دلی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی نے عوام کو جو سبق سکھایا ہے وہ یہ ہے کہ آزادی کو ہلکے میں نہ لیا جائے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ جب ایک خاندان کو ملک سے بڑا تصور کیا جاتا ہے تو ایمرجنسی جیسے حالات پیدا ہوتے ہیں۔

**SB- Jaishankar - Family**

**Trump Trade Deal**

امریک کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جلد ہی بھارت کے ساتھ ایک بڑا تجارتی سمجھوتہ کرنے کی طرف اشارہ دیا ہے۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے ابھی چین کے ساتھ ایک سمجھوتہ کیا ہے اور جلد ہی بھارت کے ساتھ ایک بڑا سمجھوتہ عمل میں آئے گا۔

**IDF Strike Succes**

اسرائیل کی دفاعی افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس کی 12 روزہ فوجی کارروائی ''آپریشن Rising Lion'' کے نتیجے میں ایران کے تین کلیدی ایٹمی ٹھکانوں کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ اِس کارروائی کا مقصد ایران کی ایٹمی اور میزائل صلاحیت کو درہم برہم کرنا تھا۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے یہ بھی کہا کہ ایران کے ایٹمی اور میزائل پروگراموں میں نمایاں پیش رفت کے بارے میں خفیہ جانکاری حاصل ہونے کے بعد حملے کئے گئے تھے۔ اِس کارروائی کے دوران ایران کے 11 سرکردہ ایٹمی سائنسداں مارے گئے، جن کا ایران کے ایٹمی اسلحہ گروپ میں اہم رول تھا۔ اسرائیل نے یہ بھی کہا ہے کہ Arak میں بند پڑے ہوئے ایٹمی ریکٹر کو بھی نشانہ بنایا گیا تاکہ مستقبل میں اِس کا استعمال نہ ہوسکے۔

**Bangladesh Trilateral Alliance**

بنگلہ دیش کی عارضی محمد یونس حکومت نے بنگلہ دیش، چین اور پاکستان کے درمیان کسی ممکنہ اتحاد کے خیال کو مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تینوں ملکوں کے درمیان حال ہی میں ہوئی میٹنگ کوئی سیاسی نہیں تھی۔ پچھلے ہفتے چین کے Kunming میں ہوئی سہ رخی میٹنگ کے بارے میں میڈیا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے بنگلہ دیش کے خارجی امور کے مشیر ایم توحید حسین نے کہا کہ کسی اتحاد کے بننے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اُن سے جب اِس بارے میں پوچھا گیا کہ کیا یہ میٹنگ بھارت کو حاشیے پر لانے کیلئے تھی تو انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ وہ کسی تیسرے ملک کو نشانہ نہیں بنا رہے ہیں۔ اِس سے متعلق ایک واقعے میں چین اور پاکستان نے اِس میٹنگ سے متعلق ایک الگ بیان جاری کیا ہے۔ چین کا کہنا ہے کہ تینوں ملکوں نے سہ رخی تعاون کیلئے تبادلۂ خیال کیا ہے۔

**IMD Weather**

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون پنجاب، راجستھان اور ہریانہ کی طرف بڑھ گیا ہے۔ اُس نے کہا کہ اگلے تین سے چار دن کے اندر ملک کے باقی حصوں میں جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کے لئے حالات سازگار ہیں۔ IMD نے کیرالہ، ماہے، اترکھنڈ، راجستھان اور گجرات میں کل تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ محکمے نے مزید بتایا ہے کہ دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، کرناٹک ، کونکن، گوا، اڈیشہ، تملناڈو، پڈوچیری اور کرائکل میں آج بارش ہوسکتی ہے۔

**Hockey Masters Cup**

ہاکی میں، ہاکی انڈیا ماسٹرس کپ کے مردوں اور خواتین کے فائنلز آج سہ پہر چینئی میں کھیلے جائیں گے۔ مردوں کے زمرے میں تملناڈو کا مقابلہ مہاراشٹر سے ہوگا جبکہ خواتین کے زمرے میں اڈیشہ کا مقابلہ پنجاب سے ہوگا۔ تیسرے اور چوتھے مقام کے لئے خواتین کے زمرے میں ہریانہ نے میزبان تملناڈو کو چار کے مقابلے تین گول سے ہرا دیا اور مردوں کے زمرے میں چنڈی گڑھ میں اڈیشہ کو دو کے مقابلے ایک گول سے ہرا کر تیسرا مقام حاصل کیا۔

**ICC Powerplay Rules**

بین الاقوامی کرکٹ کونسل ICC نے، جن ٹی ٹوئنٹی میچوں کی مدت مختصر کردی جاتی ہے اُن کیلئے پاور پلے سے متعلق نئے اصولوں کا اعلان کیا ہے اور مختصر ترین وقت میں کھیلے جانے والے میچوں کی نئی شرطوں میں، محدود میدان میں منظور شدہ اووروں کی تعداد واضح طور پر بیان کی گئی ہے۔اِن ضابطوں کا اطلاق اگلے مہینے سے ہوجائے گا جن کے مطابق کسی ایک اننگز میں 8 اوورز کے مختصر کئے گئے میچ میں، دو اعشاریہ دو اوورز، پاور پلے کے تحت کھیلے جائیں گے، جس میں دو فیلڈر، تیس گز کے دائرے سے باہر ہوں گے۔

اِسی طرح پانچ اوور والی اننگز میں ایک اعشاریہ تین اوورز، پاور پلے کے تحت کھیلے جائیں گے۔ **10** اوورز کی کسی اننگز میں تین اوورز پاور پلے کے تحت کھیلے جائیں گے۔

**15** اوورز کی اننگز کے تحت **ICC** کے تازہ ترین اصولوں کے مطابق چار اعشاریہ تین اوورز پاور پلے کے تحت کھیلے جائیں گے۔

مختصر کئے گئے ٹی ٹوئنٹی میچ کا مطلب ہے وہ میچ، جو کسی رکاوٹ کے سبب اپنی مدت سے کم وقت میں کھیلے جاتے ہیں۔ اِن وجوہات میں زیادہ تر بارش ، خراب روشنی یا کسی وجہ سے تاخیر شامل ہے۔

☆☆☆☆☆